گورنر KATHY HOCHUL

فوری ریلیز کے لیے: 10/11/2022

گورنر HOCHUL کی ریاستی ایجنسیز کو ہنگامی ردعمل کے اثاثوں کو تیار کرنے کی ہدایت کیونکہ اس ہفتے کے آخر میں ٹروپیکل طوفان نکول شمال کی طرف بڑھ رہا ہے

توقع ہے کہ نکول کی باقیات جمعہ کی رات ریاست کو متاثر کرنا شروع کریں گی اور ایسا ہفتے کے دن تک جاری رہے گا

مرکزی نیو یارک، فنگر لیکس، مغربی نیو یارک اور نارتھ کنٹری ریجنز میں 2 سے 3 انچ بارش متوقع ہے اور سیلاب کے خطرے سے دوچار علاقوں میں معمولی سیلاب کا امکان ہے

نیو یارک کے شہریوں کو تاکید کی جاتی ہے کہ وہ موسم کی مقامی پیشگوئیوں پر نظر رکھیں اور نیشنل ویدر سروس کے الرٹس پر توجہ دیں

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاستی ایجنسیز کو ہنگامی امدادی کروائی کے اثاثے تیار کرنے کی ہدایت کی ہے کیونکہ ٹروپیکل طوفان نکول کی باقیات کے جمعے کی شام تک نیویارک پر اثر انداز ہونے کی توقع ہے، جس سے شدید بارش اور سیلاب کا امکان ہے۔ مرکزی نیو یارک، فنگر لیکس اور مغربی نیو یارک کے علاقوں کے ساتھ ساتھ نارتھ کنٹری کے علاقے میں ٹَگ ہِل پلیٹُو کے علاقوں میں زیادہ سے زیادہ دو سے تین انچ تک بارش متوقع ہے، تاہم کہیں کہیں مقامی طور پر اس مجموعی بارش اس سے زیادہ ہو سکتی ہے۔ سیلاب کے خطرے سے دوچار علاقوں میں معمولی سیلاب کا امکان ہے اور زیادہ سے زیادہ 40 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوا چل سکتی ہے جبکہ ڈاؤن اسٹیٹ میں اس سے تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ گورنر Hochul نے نیو یارک کے رہائشیوں پر زور دیا کہ وہ اگلے چند دنوں میں موسمی حالات کے لیے مقامی پیشین گوئیوں پر کڑی نظر رکھیں، اور شدید موسمی واقعات سے پہلے یا ان کے دوران جاری کیے گئے تمام ممکنہ ہنگامی احکامات پر عمل کریں۔ ریاست نیو یارک کی ایجنسیز اور حکام نے پہلے ہی ریاست بھر میں مقامی حکومتی شراکت داروں کو مطلع کر دیا ہے اور اب سب ضرورت پڑنے پر اقدامات کرنے کے لیے تیار ہیں۔

"جمعے کی رات سے، دیر موسم کے ایک نظام کی وجہ سے کچھ مقامات پر تین انچ یا اس سے زیادہ بارش ہونے کا امکان ہے اور میں نیویارک کے تمام شہریوں کو تاکید کرتی ہوں کہ وہ کسی سیلابی صورت حال کے لیے تیار رہیں۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اگر آپ کا جمعے اور ہفتے کے دن سفر کا ارادہ ہے تو براہ مہربانی احتیاط برتیں اور روانہ ہونے سے پہلے مقامی موسمی حالات دیکھیں۔"

ریاست نیو یارک کی ڈویژن آف ہوم لینڈ سکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز کی کمشنر Jackie Bray نے کہا، "نکول شمال کی طرف بڑھ رہا ہے اور ریاست کے کچھ حصوں میں اگلے چند دنوں میں تیز بارشوں اور ہواؤں کا امکان ہے۔ گورنر Hochul اور میں نیویارک کے شہریوں کو تاکید ک رہے ہیں کہ وہ پیشگی تیاری کریں، مقامی پیشین گوئیوں پر توجہ رکھیں،اپنے علاقے کے متاثر ہونے کی صورت میں منصوبہ بندی کر کے رکھیں اور اس ویک اینڈ پر اپنے کمزور پڑوسیوں اور پیاروں کی خبر گیری کرنا یاد رکھیں۔"

<u>ریاستی ایجنسی کی تیاریاں</u>

محکمہ ٹرانسپورٹیشن

محکمہ ٹرانسپورٹیشن 3,280 سے زیادہ سپروائزرز اور آپریٹرز کے ساتھ امدادی کاروائیاں کرنے کے لیے تیار ہے۔ فیلڈ کا تمام عملہ مکمل طور پر شرکت کر کے امدادی کاروائیاں کرنے کے لیے دستیاب ہے۔ عملے کو کسی بھی قسم کے درکار امدادی جتھے کی صورت میں تشکیل دیا جا سکتا ہے (سیلابی امداد، ملبہ ہٹانا، نقل و حمل، تیز دباؤ سے نکاسی بحال کرنا، گرے ہوئے درختوں کو کاٹ کر راستہ کھولنا، ٹریفک کے اشارے چلانا، وغیرہ۔) تیاری کے دوران، عملہ نکاسی آب کے ڈھانچے کی پڑتال اور صفائی کر رہا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ وہ ملبے اور گندگی سے پاک ہیں۔ ریاست بھر کے سازوسامان کے اعداد و شمار حسب ذیل ہیں:

- 1,516 بڑے ڈمپ ٹرک
- 333 بڑے لوڈر
- 79 ٹریک اور پہیوں والے کھدائی کرنے والے ایکسکویٹر
- 72 چپر
- 18 گریڈر
- سیور جیٹس والے 14 ویکیوم ٹرک
- 14 ٹری کریو بکٹ ٹرک

تھرووے اتھارٹی

تھرو وے اتھارٹی آنے والے طوفان کے مدنظر موسم کی کڑی نگرانی کر رہی ہے اور اس کے پاس ریاست بھر میں کسی بھی آندھی یا سیلاب سے متعلق مسائل کا جواب دینے کے لیے 651 آپریٹر اور سپروائزر تیار ہیں۔ ان کے پاس ایکسکویٹر، پلو/ڈمپ ٹرک، بڑے لوڈر، پورٹیبل VMS بورڈ، پورٹیبل لائٹ ٹاور، جنریٹر، پمپ اور سازوسامان کو لانے لے جانے والے ٹریلرز کے ساتھ ساتھ ہدایتی نشانات اور دیگر ٹریفک قابو کرنے والے دیگر آلات کہیں بھی متعین کیے جانے یا متبادل راستے فراہم کرنے لیے دستیاب ہیں۔ گاڑی چلانے والوں کو 570 میل کے تھرو وے پر موسمی حالات سے آگاہ کرنے کے لیے مختلف پیغام والے نشانات اور سوشل میڈیا کا استعمال کیا جاتا ہے۔
ریاست بھر میں دستیاب سازوسامان کے اعداد و شمار درج ذیل ہیں:

- 349 بڑے اور چھوٹے ڈمپ ٹرک
- 63 لوڈر
- 30 ٹریلر
- 7 Vac ٹرک
- 14 ایکسکویٹر
- 8 برش چپر
- 100 مشینی آریاں
- 21 ہوائی ٹرک
- 22 اِسکڈ اسٹیئر
- 84 قابل منتقلی جنریٹرز
- 65 پورٹیبل لائٹ یونٹ

تھرو وے اتھارٹی گاڑی چلانے والوں کو اپنی موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کی ترغیب دیتی ہے جو کہ آئی فون اور اینڈرائڈ ڈیوائسز پر مفت ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے دستیاب ہے۔ یہ ایپ موٹر گاڑی چلانے والوں کو لائیو ٹریفک کیمروں تک براہ راست رسائی، ٹریفک کی حقیقی معلومات اور دوران سفر راستہ تلاش کرنے کی معاونت فراہم کرتی ہے۔
گاڑیاں چلانے والے ٹرانس الرٹ ای میلز کے لیے بھی سائن اپ کر سکتے ہیں جو تھرو وے پر ٹریفک کے تازہ ترین حالات فراہم کرتے ہیں۔

ٹویٹر پر @ThruwayTraffic کو فالو کریں اور تھرو وے اور ریاست نیو یارک کی دیگر سڑکوں کے ٹریفک کے حالات دکھانے والا انٹرایکٹو نقشہ دیکھنے کے لیے thruway.ny.gov پر جائیں۔

ڈیپارٹمنٹ آف انوائرمنٹل کنزرویشن

DEC کے تحفظ ماحولیات پولیس افسران، فارسٹ رینجرز، ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کا عملہ اور مقامی عملہ ہوشیار ہیں اور تبدیل ہوتی صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں اور شدید موسم سے ممکنہ طور پر متاثر ہونے والے علاقوں اور بنیادی ڈھانچے کا گشت جاری رکھے ہوئے ہیں۔ تمام دستاب وسائل، بشمول پانی میں جان بچانے والی تیز رفتار ٹیمز کسی بھی ہنگامی صورتحال میں معاونت کے لیے متعین ہیں۔

پارکس، تفریح گاہوں اور تاریخی ورثہ کے تحفظ کا دفتر
نیو یارک اسٹ کی پارک پولیس اور پارک کا عملہ ہوشیار ہے اور موسمی صورتحالوں اور ان کے اثرات پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ پارک میں جانے والے پارک کے اوقات، کھلنے اور بند ہونے کے بارے میں تازہ ترین اپ ڈیٹس کے لیے parks.ny.gov دیکھیں یا اپنے مقامی پارک آفس کو کال کریں۔

ڈیپارٹمنٹ آف پبلک سروس
نیو یارک کے گھریلو سہولیات فراہم کنندگان کے پاس تقریباً 7,125 کارکن موجود ہیں جو اس موقعے کے لیے ریاست نیو یارک میں نقصان کی تشخیص، ردعمل، مرمت اور بحالی کی کوششوں میں شامل ہو سکتے ہیں۔ اس میں کون ایڈیسن اور اورنج اینڈ راکلینڈ کے 1,500 اضافی کارکن اور نیشنل گرڈ کے اپ اسٹیٹ ڈویژن کے اضافی 125 کارکن شامل ہیں۔ ایجنسی کا عملہ اس سارے عرصے کے دوران گھریلو سہولیات فراہم کنندگان کے کام پر نظر رکھے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ فرام کنندگان سب سے زیادہ متاثر علاقوں میں عملے کو موزوں طور پر منتقل کریں۔

نیویارک ریاستی پولیس
ریاستی پولیس متاثرہ علاقوں میں حسب ضرورت ریاستی پولیس کے اضافی اہلکار متعین کرنے کے لیے تیار ہے۔ ریاست کی تمام خصوصی مقصد کی گاڑیاں بشمول فور وہیل ڈرائیو گاڑیاں اور گھریلو سہولیات کے کام کرنے والی گاڑیاں، متعین کر دی گئی ہیں اور فوری امدادی کاروائی کے لیے تیار ہیں۔ ریاستی پولس کے اہلکاروں کے ہنگامی صورتحال میں استعمال کے بجلی اور رابطہ کاری کے ساز و سامان جانچ کر لی گئی ہے۔

میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی
میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی محفوظ، قابل اعتماد سروس کو یقینی بنانے کے لیے موسمی حالات پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ MTA کے ملازمین موسم سے متعلق تمام معاملات کا جواب دینے اور راستوں پر گرنے والے درختوں کو ہٹانے کے لیے تیار ہوں گے۔
تیز ترین ہواؤں کے سخت ترین وقت کے دوران، MTA برجز اینڈ ٹنلز خالی ٹریکٹر ٹریلرز اور ٹینڈم ٹرکوں پر پابندی کے نفاذ کی توقع رکھتی ہے۔ تیز ہواؤں کی پیشن گوئی کے مدنظر پلوں پر پیدل چلنے والے راستے بھی بند کیے جا سکتے ہیں۔

صارفین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ تازہ ترین سروس اپ ڈیٹس کے لیے new.mta.info چیک کریں، اور راستوں پر سفر کرتے وقت احتیاط برتیں۔ صارفین کو چاہیے کہ ٹیکسٹ یا ای میل کے ذریعے فوری سروس الرٹس کے لیے بھی سائن اپ کریں۔ یہ الرٹس MTA کی ان ایپس کے ذریعے بھی دستیاب ہیں: MYmta اور TrainTime۔

پورٹ اتھارٹی
پورٹ اتھارٹی موسمی حالات پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ رفتار کی پابندیاں پلوں کے ساتھ ساتھ چوراہوں سے آنے اور جانے والی سڑکوں پر بھی لاگو ہو سکتی ہیں۔ پورٹ اتھارٹی کی سہولیات پر سفر کرنے والے مسافروں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ تاخیر اور منسوخیوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے براہ راست آمدورفت فراہم کنندگان اور ایئر لائنز سے رابطہ کریں۔ پورٹ اتھارٹی کی سہولیات کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے، براہ مہربانی سوشل میڈیا چیک کریں، PA الرٹس کے لیے سائن اپ کریں یا PA کی کوئی سی موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں، بشمول RidePATH جو PATH سروس کے لیے فوری اپ ڈیٹس اور الرٹس فراہم کرتی ہے۔

حفاظتی ٹپس

1. شدید موسم کے لیے تیار رہیں:

2. آپ جس کاؤنٹی میں رہتے ہیں اس کے متعلق معلومات رکھیں اور قریبی شہروں کے نام جانیں۔ شدید موسم کے انتباہ کاؤنٹی کے لحاظ سے جاری کیے جاتے ہیں۔
3. جلدی میں نکلنا درکار ہونے کی صورت میں اپنے گھر یا کام کی جگہ سے بلند، محفوظ مقام تک کا محفوظ ترین راستہ جان کر رکھیں۔
4. 'خاندان کے ساتھ انخلا' کا منصوبہ بنا کر رکھیں اور اس کی مشق کریں اور خاندان کے افراد کے ایک دوسرے سے بچھڑ جانے کی صورت میں اکٹھا ہونے کی کوئی جگہ آپس میں طے کر کے رکھیں۔
5. تمام قیمتی اشیاء، بشمول فرنشنگ، ملبوسات اور دیگر ذاتی ملکیتی اشیاء کی ایک درجہ بند فہرست بنا کر رکھیں۔ اس فہرست کو کسی محفوظ جگہ پر رکھیں۔
6. ڈبہ بند کھانے، ادویات اور ابتدائی طبی امداد کا سامان؛ اور پینے کا پانی ہنگامی حالات کے لیے ذخیرہ کر لیں۔ پینے کے پانی کو صاف، بند کنٹینرز میں ذخیرہ کریں۔
7. منصوبہ بندی کر کے رکھیں کہ اپنے پالتو جانوروں کا کیا کرنا ہے۔
8. ایک پورٹیبل ریڈیو، فلیش لائٹس، اضافی بیٹریاں اور ہنگامی کھانا پکانے کا سامان دستیاب رکھیں۔
9. اپنی گاڑی میں ایندھن موجود رکھیں۔ بجلی منقطع ہو جانے کی صورت میں گیسولین اسٹیشنز کئی دنوں تک ایندھن فراہم نہیں کر سکیں گے۔ اپنی گاڑی کی ڈگی میں آفت زدہ حالات سے نمٹنے کی اشیاء کی کِٹ رکھیں۔
10. آفت زدہ حالات کے نمٹنے کی اشیاء کو قابل رسائی رکھیں، بشمول:
    1. فلیش لائٹ اور اضافی بیٹریاں
    2. بیٹری سے چلنے والا ریڈیو اور اضافی بیٹریاں
    3. ابتدائی طبی امداد اور رہنما کتابچہ
    4. ہنگامی صورتحال کے لیے کھانا اور پانی
    5. بجلی کے بغیر چلنے والا کین اوپنر
    6. ضروری ادویات
    7. چیک بُک، نقد رقم، کریڈٹ کارڈز، ATM کارڈز

مزید حفاظتی ٹپس کے لیے، www.dhses.ny.gov/oem/safety-info/index.cfm پر نیو یارک اسٹیٹ ڈویژن آف ہوم لینڈ سکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز کا سیفٹی ٹپس کا ویب پیج دیکھیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418